مترادف الفاظ

(Synonyms)

ذیل کے جملوں میں خط کشیدہ الفاظ پر غور کیجیے:

- ان کی زندگی عیش و آرام میں گزری۔
- اتحاد و اتفاق ہی سے قوم ترقّی کرتی ہے۔
- ایسا تو میرے خواب وخیال میں بھی نہیں تھا۔
- میل ملاپ، خلوص اور ہمدردی انسان کے اخلاق کو اُجاگر کرتے ہیں۔
- انھوں نے مقابلے میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔

بات میں زور پیدا کرنے کے لیے ہم کبھی جملوں میں ایسے الفاظ لاتے ہیں جو معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے سے قریب ہوتے ہیں۔ دونوں لفظوں کے معنی یکساں ہوتے ہیں۔ ''اتحاد و اتفاق'' اور ''خواب وخیال'' کی ترکیبوں میں بھی (جو حرف عطف واو سے جوڑی گئی ہیں) لفظوں کے معنی ملتے جلتے ہیں۔ ان کے علاوہ دوسری مثالوں ''میل ملاپ'' اور ''بڑھ چڑھ'' میں کوئی حرف عطف نہیں مگر یہ بھی معنی کے لحاظ سے یکساں ہیں۔

''وہ الفاظ جو معنی میں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہوں، انھیں مترادف الفاظ کہا جاتا ہے۔''

مترادف لفظوں کے لیے ضروری نہیں ہے کہ دونوں الفاظ ہمیشہ ایک ساتھ استعمال کیے جائیں۔ جیسے : خوف وڈر یا شبنم اور اوس ایک دوسرے کے مترادف ہیں لیکن انھیں ایک ساتھ استعمال نہیں کیا جاتا۔

© NCERT not to be republished